© rasailojaraid.com



بڑے کام کی چیز ہیں اور اس لیے فاضل مرتبین کی سعی درخورِ تحسین و مستحقِ داد ہے۔

مباحث سنی و شیعہ - از جناب سید نہال احمد صاحب نقوی مرحوم، تقطیع خورد ضخامت ۳۱۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپیہ - پتہ : سید شفیق المرتضیٰ صاحب نمبر ۱۹۲۹-حویلی میر افضل- لال کنواں- دہلی - ۶

فاضل مصنف علی گڑھ کے ایم اے - ایل - ایل - بی تھے - ذہانت کے ساتھ مطالعہ اور تحقیق کا فطری ذوق رکھتے تھے - سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد جب انھوں نے اپنے وطن امروہہ میں مستقل قیام اختیار کیا تو اب مطالعہ کے سوا ان کا کوئی اور مشغلہ رہ ہی نہیں گیا تھا اور چونکہ امروہہ کی فضائیں سنی شیعہ مباحث کا عام چرچا رہتا ہے اسی بنا پر موصوف نے ان مباحث کو ہی اپنے مطالعہ کا موضوعِ خصوصی بنایا۔ چنانچہ یہ کتاب اسی مطالعہ کا حاصل ہے۔ یہ اصل کتاب کی جلد اول ہے - اس میں بنیادی طور پر خلافت و امامت اور حدیث قرطاس پر بحث کی گئی ہے - لیکن اس ضمن میں اور بہت سے مباحث مثلاً حدیث و واقعۂ غدیر خم۔ مولا کے معنی کی تحقیق - خلفائے ثلاثہ سے حضرت علی کی بیعت اور ان کا تعاون، ام کلثوم کا نکاح، ائمۂ اہلبیت کی معصومیت وغیرہ زیر گفتگو آگئے ہیں۔ اگرچہ کتاب میں جا بجا مناظرہ کا لب ولہجہ اور انداز گفتگو پیدا ہو گیا ہے جس سے گرہ کھلنے کے بجائے اور سخت ہوتی ہے۔ لیکن اس میں شبہ نہیں کہ مرحوم نے مطالعہ بڑی لگن اور غور و خوض کے ساتھ کیا تھا اس بنا پر دونوں طرف کے بہت سے مفید معلومات یکجا ہو گئے ہیں۔ جن حضرات کو ان مباحث کا ذوق ہے انھیں اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

منشورات از پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۷۵ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد -/6 پتہ : انجمن ترقی اردو۔ دلی۔

پنڈت کیفی اردو زبان و ادب کے نامور محقق اور مصنف تھے۔ تقسیم سے قبل انجمن ترقی اردو کے علمی ادبی اور تحقیقی کاموں میں ڈاکٹر عبدالحق کے دست راست اور اس انجمن کی رفیق



© rasailojaraid.com